# 127851-نمازعید سے قبل اجتماعی تکبیر کا حکم

## سوال

نمازعید سے قبل لوگ اجتماعی طور پر تکبیریں کہتے ہیں کیا یہ بدعت ہے یا نمازعید میں مشروع ہے ؟
اوراگر بدعت شمار ہوتی ہے توکیا نمازی نماز شروع ہونے تک عیدگاہ سے نکل جائے ؟

## پسندیدہ جواب

عید میں تکبیریں کہنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسنون و مشروع ہیں، اوریہ بھی باقی عبادات کی طرح ایک عبادت ہے، اس لیے اس کے متعلق سنت میں وارد شدہ پر ہی انحصار و اقتصار کرنا ضروری ہے، اوراس کی کیفیت میں کسی بھی قسم کا نیا طریقہ ایجاد کرنا جائز نہیں، بلکہ جو سنت نبویہ اور آثار سے ثابت ووارد ہے وہی کافی ہے.

آج کل اجتماعی طور پر جو تکبیریں کہی جاتی ہیں اس کے متعلق ہمارے فقہاء نے غوروفکر کیا ہے لیکن انہیں اس کی تائید میں کوئی دلیل نہیں ملی چنانچہ انہوں نے اس کے بدعت ہونے کا فتوی جاری کیا ہے، کیونکہ اصل عبادت میں کوئی چیز نئی ایجاد کی جائے چاہے وہ اس کی کیفیت میں ہو یا صفت وطریقہ میں تو وہ مذموم بدعت میں شمار ہوتی ہے، اوروہ درج ذیل فرمان نبوی میں شامل ہے :

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا نیا کام نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

صحیح مسلم حدیث نمبر(1718).

شیخ محمد بن ابراہیم رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"عید کے روز مسجد حرام میں جو تکبیریں کہی جاتی ہیں کہ ایک یا اس سے زائد شخص زمزم کی چھت پر بیٹھ کر تکبیریں کہتے ہیں اور لوگ ان کا جواب دیتے ہیں، شیخ عبدالعزیز بن باز نے کھڑے ہو کر اس کیفیت کا انکار کیا اورانہیں روکا اور کہا کہ یہ بدعت ہے.

شیخ کا مقصد یہ تھا کہ اس خاص شکل کے ساتھ منسوب ہونے کے اعتبار سے یہ بدعت ہے، ان کا مقصد یہ نہیں کہ یہ تکبیر ہی بدعت ہے، چنانچہ مکہ کے کچھ لوگوں کو یہ بات اچھی نہ لگی کیونکہ وہ اس سے مانوس ہو چکے ہیں، اوراس ٹیلی گرام کے ارسال کرنے کی یہی حد ہے، اس طرح تکبیریں کہنے کی کیفیت کے متعلق تو مجھے بھی کوئی علم نہیں کہ یہ صحیح ہو، اس لیے اس کے شرعی ہونے کے لیے کوئی دلیل و برہان ہونی چاہیے، اوراس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ یہ مسئلہ جزئی ہے اس کو اتنا نہیں اچھالنا چاہیے اور وہاں تک نہیں پہنچنا چاہیے جہاں تک پہنچ چکا ہے" انتہی

دیکھیں : مجموع فتاوی العلامۃ محمد بن ابراہیم (3/127–128).

اورشیخ ابن باز رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی نبینا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین وبعد :

سب تعریفات اللہ رب العالمین کے لیے ہیں اور درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر.

اما بعد :

کچھ مقامی اخبارات میں محترم بھائی جناب شیخ احمد بن محمد جمال وفقہ اللہ کا نشر کردہ مضمون میں نے پڑھا ہے جس میں انہوں نے نماز عید سے قبل مساجد میں اجتماعی طور پر تکبیریں کہنے سے منع کرنے اور اس کے بدعت ہونے کے فتوی پر بہت تعجب کا اظہار کیا ہے، جناب نے مذکورہ کالم میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ بدعت نہیں اور اس سے روکنا جائز نہیں، اور بعض دوسرے کالم نگاروں نے بھی اس کی تائید کی ہے؛ اس خدشہ کے پیش نظر کہ کے جسے حقیقت معلوم نہیں اس پر کہیں یہ مسئلہ خلط ملط ہی نہ ہو جائے ہم یہ وضاحت کرنا چاہتے ہیں کہ :

عید الفطر میں عید کی رات اور نماز عید سے قبل اور عشرہ ذوالحجہ اور ایام تشریق کے ان عظیم اوقات میں تکبیریں کہنا اصلاً مشروع ہیں، اور اس میں بہت زیادہ فضیلت پائی جاتی ہے کیونکہ عید الفطر کی تکبیرات میں اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

**{تاکہ تم گنتی پوری کرلو اور اس کی دی ہوئی ہدایت پر اس کی بڑائیاں بیان کرو اور تاکہ اس کا شکر کرو}** البقرۃ (185).

اور عشرہ ذوالحجہ اور ایام تشریق کے بارہ میں اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

**{تاکہ اپنے فائدے حاصل کریں اور ان مقررہ دنوں میں اللہ کا نام یاد کریں ان چوپایوں پر جو پالتو ہیں}** الحج (28).

اور اللہ عزوجل کا فرمان ہے :

**{اور تم گنے چنے چند ایام میں اللہ کا ذکر کرو}** البقرۃ (203).

ان معلوم و معدود ایام میں مشروع ذکر میں مطلق اور مقید تکبیرات بھی شامل ہیں جیسا کہ سنت مطہرہ اور سلف کے عمل سے ثابت ہے، اور تکبیر کہنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر مسلمان شخص اکیلا بلند آواز سے تکبیر کہے حتی کہ لوگ بھی سنیں اور اس کی اقتدا کریں اور وہ انہیں تکبیریں کہنا یاد دلائے، لیکن اجتماعی طور پر تکبیریں کہنا بدعت ہے وہ اس طرح کہ دو یا دو سے زیادہ افراد بلند آواز سے اکٹھے تکبیریں کہیں سب اکٹھے ہی تکبیر کہنا شروع ہوں اور اکٹھے ہی بیک آواز میں ختم کریں یہ بدعت ہے اور خاص طریقہ ہے.

اور اس عمل کی کوئی اصل نہیں اور نہ ہی کوئی دلیل ملتی ہے، اور یہ تکبیر کے طریقہ اور صفت میں بدعت ہے اللہ نے اس کی کوئی دلیل نہیں اتاری، لہذا جو کوئی بھی اس طریقہ سے تکبیریں کہنے سے روکتا ہے وہ حق پر ہے؛ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ رد ہے" صحیح مسلم.

یعنی وہ عمل مردود اور غیر مشروع ہے.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی فرمان ہے :

"اور تم نئے نئے امور ایجاد کرنے سے بچو کیونکہ ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے"

اور اجتماعی طور پر تکبیریں کہنا دین میں نیا کام چنانچہ یہ بدعت ہوا، اور جب لوگوں کا عمل شریعت مطہرہ کے مخالف ہو تو اس سے منع کرنا واجب ہے؛ کیونکہ عبادات توقیفی ہیں یعنی جس طرح ثابت ہیں اسی طرح سرانجام دی جائینگی اور اس میں وہی مشروع ہوگا جو کتاب و سنت سے ثابت ہے.

رہے لوگوں کے اقوال اور آراء جب شرعی دلائل کے خلاف ہوں تو ان میں کوئی دلیل نہیں، اور اسی طرح مصالح المرسلہ سے بھی عبادات ثابت نہیں ہو سکتی، بلکہ عبادت تو صرف کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا قطعی اجماع سے ثابت ہوگی.

اور مشروع تو یہی ہے کہ ہر مسلمان شخص مشروع طریقہ سے کہے جو شرعی دلائل کے ساتھ ثابت ہیں، اور وہ انفرادی طور پر تکبیر کہنا ہے.

سعودی عرب کے مفتی اعظم جناب شیخ محمد بن ابراہیم رحمہ اللہ نے بھی اجتماعی طور پر تکبیریں کہنے کا انکار کرتے ہوئے اس میں ایک فتوی بھی جاری کیا ہے، اور میں نے بھی اس کی ممانعت میں ایک سے زائد فتوے جاری کیے ہیں، اور اسی طرح مستقل فتوی کمیٹی سعودی عرب سے بھی اس کی ممانعت میں فتوی جاری ہو چکا ہے.

اور شیخ حمود بن عبد اللہ التویجری رحمہ اللہ نے اس میں ایک قیمتی رسالہ بھی تالیف کیا ہے جس میں انہوں نے اس سے منع کیا اور روکا ہے، یہ رسالہ طبع ہو چکا ہے اور مارکیٹ میں موجود ہے، اس میں اجتماعی طور پر تکبیریں منع ہونے کے کافی و شافی دلائل ہیں.

اور محترم بھائی شیخ احمد نے ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما کے فعل سے جو انہوں نے منی میں لوگوں کی موجودگی میں کیا سے جو دلیل پکڑی ہے اس میں دلیل نہیں پائی جاتی کیونکہ ان کا اور لوگوں کا منی میں یہ عمل کرنا اجتماعی تکبیر میں شامل نہیں ہوتا، بلکہ یہ تو مشروع تکبیر تھا؛ کیونکہ ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سنت پر عمل کرتے ہوئے اور لوگوں کو یاد دلانے کے لیے بلند آواز سے تکبیر کہہ رہے تھے، اور ہر شخص اپنے طور پر تکبیر کہہ رہا تھا، اور ابن عمر اور لوگوں میں کوئی اتفاق نہ تھا کہ وہ شروع سے لے کر آخر تک بیک آواز میں تکبیر کہیں، جیسا کہ آج کل اجتماعی طور پر تکبیریں کہنے والے کرتے ہیں.

اور اسی طرح سلف رحمہ اللہ سے جو بھی تکبیر کے متعلق مروی ہے وہ سب شرعی طریقہ پر ہے، اور جو کوئی بھی اس کے خلاف گمان کرتا ہے اسے اس کی دلیل دینی چاہیے، اور اسی طرح نماز عید یا نماز تراویح یا قیام اللیل یا وتر کی آواز لگانا یہ سب بدعت ہے اس کی کوئی اصل نہیں ملتی، اور صحیح احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید بغیر آذان اور اقامت کے ادا فرمایا کرتے تھے، اور ہمارے علم کے مطابق تو کسی بھی اہل علم نے یہ نہیں کہا کہ آواز لگانا (سنت میں وارد ہے) یا کوئی اور الفاظ کہنے.

اور جو کوئی بھی یہ خیال کرے اس کی اسے دلیل دینا ہوگی، اور اصل میں یہی ہے کہ یہ موجود نہیں، اس لیے کتاب و سنت صحیح یا اہل علم کے اجماع کی دلیل کے بغیر کسی کے لیے بھی کوئی عبادت مشروع کرنا جائز نہیں، کیونکہ بدعات سے بچنے والے عمومی دلائل اس پر دلالت کرتے ہیں.

اور ان میں یہ فرمان باری تعالی بھی شامل ہوتا ہے :

.{کیا ان لوگوں نے ایسے شریک مقرر کر رکھے ہیں جو ان کے لیے ایسے احکام دین مقرر کرتے ہیں جو اللہ کے فرمائے ہوئے نہیں }.الشوری (21).

اور ان دلائل میں سابقہ دو احادیث بھی شامل ہیں جو یہاں شروع میں بیان کی گئی ہے، اور اس میں یہ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہے :

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام ایجاد کیا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے" متفق علیہ.

اور خطبہ جمعہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ ارشاد فرمایا کرتے تھے :

"اما بعد : یقینا سب سے اچھی بات اللہ کی کتاب ہے، اور سب سے بہتر طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے، اور سب سے برے امور اس دین میں نئے ایجاد کردہ ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے"

اسے صحیح مسلم نے روایت کیا ہے، اوراس موضوع میں احادیث بہت زیادہ پائی جاتی ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اورجناب محترم فضیلۃ الشیخ احمد اورہمارے سب بھائیوں کی دین کی سمجھ اوردین پر ثابت قدم رکھے، اورہمیں اورسب دین کے داعیوں کوہدایت و راہنمائی اورحق کے معاون ومددگاربنائے، اورہمیں اورسب مسلمانوں کوہراس کام سے اجتناب کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جوشریعت کے مخالف ہیں، یقینا اللہ سبحانہ وتعالی بڑا ہی کرم والااورجودوالا ہے، اوراللہ سبحانہ وتعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتیں نازل فرمائے" انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن باز(13/20–23).

اور مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں درج ہے:

"ہرایک شخص اکیلا بلند آواز سے تکبیر کہے، کیونکہ اجتماعی طورپر تکبیریں کہنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں، اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا کام کیا جس پر ہمارا حکم نہیں ہے تو وہ مردود ہے" انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء(8/310).

اوریہ فتوی بھی ہے:

"اجتماعی طورپر بیک آواز میں تکبیریں کہنا مشروع نہیں، بلکہ یہ بدعت ہے؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا نیا کام نکالا جواس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

اورپھر سلف صالح میں سے بھی کسی نہ یہ عمل نہیں کیا نہ توصحابہ کرام میں سے کسی نے اورنہ ہی تابعین اور تبع تابعین میں سے کسی نے، حالانکہ وہ لوگ قدوہ ہیں، اوراتباع واجب ہے نہ کہ ابتداع یعنی بدعات کی ایجاد" انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء(8/311).

اوریہ فتوی بھی ہے:

"اجتماعی طورپر تکبیریں کہنا بدعت ہے؛ کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی، اورپھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ مردود ہے"

اورعمر رضی اللہ تعالی عنہ نے جو عمل کیا اس میں اجتماعی تکبیریں کہنے کی کوئی دلیل نہیں، بلکہ اس میں تو یہ ہے کہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ اکیلے خود تکبیریں کہتے تھے اورجب لوگ انہیں تکبیریں کہتے ہوئے سنتے تو وہ بھی تکبیریں کہنے لگتے، اورہر ایک اکیلا ہی تکبیر کہتا تھا، اس میں یہ نہیں ہے کہ وہ سب بیک زبان ایک ہی آواز میں اجتماعی طورپر تکبیریں کہتے تھے" انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء(24/269).

اور یہ فتوی بھی ہے :

"نماز کے بعد یا نماز کے وقت کے علاوہ بیک آواز میں اجتماعی طور پر تکبیریں کہنا مشروع نہیں، بلکہ یہ بدعت اور دین میں نئی ایجاد کردہ ہے، بلکہ مشروع تو یہ ہے کہ اللہ کا ذکر کثرت سے کیا جائے اور اجتماعی آواز کے بغیر سبحان اللہ اللہ اکبر الحمد للہ کہا جائے، اور قرآن مجید کی تلاوت کی جائے، اور کثرت سے استغفار کیا جائے تا کہ اللہ سبحانہ تعالی کے اس فرمان پر عمل ہو :

اے ایمان والو اللہ کا ذکر کثرت سے کرو، اور صبح و شام اس کی تسبیح بیان کرو .

اور یہ فرمان باری تعالی بھی ہے :

تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر عمل کرتے ہوئے جس میں انہوں نے رغبت دلاتے ہوئے فرمایا :

"میرے لیے سبحان اللہ اور الحمد للہ، لا الہ الا اللہ، اللہ اکبر کہنا دنیا میں سورج طلوع ہونے سے زیادہ محبوب ہے" رواہ مسلم.

اور آپ کا یہ بھی فرمان ہے :

"جس نے سو بار سبحان اللہ وبحمدہ کہا اس کے گناہ بخش دیے جائنگے چاہے وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں" اسے مسلم اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور یہ لفظ ترمذی کے ہیں.

اور اس امت کے سلف کی اتباع کرتے ہوئے کیونکہ ان سے یہ ثابت نہیں کہ انہوں نے اجتماعی طور پر تکبیریں کہی ہوں بلکہ یہ تو بدعتی لوگ اور خواہش کے پیچھے چلنے والوں کا عمل ہے.

اور اس لیے بھی کہ ذکر ایک عبادت ہے، اور عبادات میں اصل توقیف ہے اسی طرح کی جائیگی جس طرح شارع نے حکم دیا ہے، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دین میں بدعات کی ایجاد سے بچنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا :

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے" انتہی

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (236/2) المجموعۃ الثانیۃ.

مزید آپ سوال نمبر (105644) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.